# پہلے شوہر سے ہونے والی بیٹی کا دوسرے شوہر کے بھائی سے نکاح کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ایک خاتون کی پہلے شوہر سے بیٹی ہو پھر وہ دوسرے شوہر سے نکاح کرلے تو دوسرے شوہر کے بھائی سے اپنے پہلے شوہر والی بیٹی کا نکاح کرنا کیسا؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت کے مطابق اس خاتون کی پہلے شوہر سے ہونے والی بیٹی کا اس خاتون کے دوسرے شوہر کے بھائی کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے جبکہ حرمت کی کوئی اور وجہ نہ ہو، کہ قرآن پاک اوراحادیث مبارکہ میں جن عورتوں سے نکاح کی حرمت بیان ہوئی، یہ ان میں سے نہیں، لہذا یہ نکاح جائز ہے۔ نیز فقہائے کرام نے فرمایا ہے کہ: "شوہر کی پہلی بیوی سے جو اس کا بیٹا ہے، وہ دوسری بیوی کی بہن سے نکاح کر سکتا ہے"

پس اسی طرح عورت کی پہلی شوہر سے جو بیٹی ہے، اس کا نکاح شوہر کے بھائی سے بھی کیا جاسکتا ہے۔

اسی طرح یہ فرمایا کہ: "عورت کی پہلے شوہر سے بیٹی تھی، پھر اس نے کسی دوسرے سے نکاح کیا تو دوسرے شوہر کے بیٹے کا پہلے شوہر کی بیٹی سے نکاح جائز ہے۔"پس جب پہلے شوہر کی بیٹی کا دوسرے شوہر کے بیٹے سے نکاح جائز ہے تو بھائی سے بدرجہ اولی جائز ہوگا۔

اللہ پاک نے محرمات کو بیان کرنے کے بعد فرمایا:

(وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ)

ترجمہ کنزالایمان: ان کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں کہ اپنے مالوں کے عوض تلاش کرو۔ (القرآن، پارہ05، سورۃالنساء، آیت:24)

امام محمد علیہ الرحمہ کی کتاب الاصل میں ہے

"ولا بأس بأن يتزوج الرجل المرأة، ويتزوج ابنه ابنتها أو أمها أو أختها"

ترجمہ: کوئی حرج نہیں کہ کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے اور شوہر کا (پہلی بیوی سے) بیٹا، بیوی کی (پہلے شوہر سے) بیٹی یا بیوی کی ماں یا اس کی بہن سے نکاح کرے۔ (الاصل، جلد10، صفحہ185، دار ابن حزم، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے "کسی نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس کے لڑکے نے عورت کی لڑکی سے کیا، جو دوسرے شوہر سے ہے تو حرج نہیں۔ یوہیں اگر لڑکے نے عورت کی ماں سے نکاح کیا جب بھی یہی حکم ہے۔" (بہارِ شریعت، جلد2، حصہ7، صفحہ26، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4153

**تاریخ اجراء:** 01ربیع الاول1447ھ/26اگست2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net